# صوابی ایوان صنعت وتجارت

Ref No: SCCI -2025/ EC0925 Date: 19-09-2025

**MINUTES OF THE CENTERAL CORE COMMITTEE FOR FINANCE AND MANAGEMENT MEETING HELD ON 19th SEPTEMBER 2025 IN THE SECRETARIAT HALL SWABI CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY**

ایوان صنعت وتجارت صوابی کی مرکزی فنانس اور منیجمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس سیکرٹریٹ میٹنگ ہال میں 19 ستمبر 2025 بروز جمعہ کو منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایوان کے صدر جناب فضل رحیم جدون صاحب نے کی اور اہم اجلاس میں ایوان صنعت وتجارت صوابی کے اہم امور کی منظوری حاصل کی گئی۔ اہم اجلاس میں اراکین مجلس عاملہ ومرکزی فنانس وانتظامی کمیٹی نے پرشرکت کی۔

**اجلاس کی کاروائی**

اجلاس کی باقاعدہ کاروائی کا آغاذ تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر اجلاس میں شریک نائب صدر وممبر رکن جناب فضل امین صاحب نے تلاوت کلام پاک کا شرف حاصل کیا۔ اسکے بعد صدر صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اجازت سے اجلاس کی باضابطہ کاروائی کا آغاذ ہوا اور سیکرٹری جنرل صوابی چیمبر نے ایجنڈا پوائنٹس بیان کئے اور بریفنگ دی۔

**01:**۔ اجلاس میں سیلاب متاثرین کے لیے موصول عطیات مبلغ 25 لاکھ اور 50 ہزار کی تفصیل پیش کی گئی، اس تفصیل کیساتھ ان تمام متاثرین کے قوائف بھی پیش کئے گئے جن میں یہ رقوم بزریعہ بینک چیکس یا کیش مبلغ 30 ہزار بھی متاثرہ فرد/ خاندان کے تقسیم کئے گئے۔ صدر مجلس سے شرکاء کمیٹی کو آگاہ کیا کہ رقوم کی تقسیم کے چیکس اور نقد ادائیگیاں باقاعدہ انکی سربراہی میں اور کمیٹی ونمایاں حیثیت کے صنعتکار احباب کی موجودگی میں کی گئی ہیں جنہوں نے اس مقصد خیر کے لیے اپنا تعاون اس فنڈ میں شامل کیا۔

فہرست کے مطابق کل ادائیگیاں 85 خاندانوں/ متاثرین کو ہونا تھیں لیکن وہاں موجود افراد میں سے کچھ نے آگاہ کیا کہ انکا نقصان ہوا ہے اور انکے نام فہرست میں شامل ہونے سے رہ گئے ہیں۔ اس موقع پر جناب محمد اسرار، رکن فنانس ومنیجمنٹ کمیٹی اور سابقہ صدر صوابی چیمبر نے اپنی نقد عطیات وہاں ان افراد جن کی تعداد 5 تھی میں تقسیم کئے۔

SECRETARY GENERAL SWABI CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY SWABI

PRESIDENT SWABI CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY SWABI

اجلاس کے شرکاء نے تمام موصول عطیات کی تقسیم کے طریقہ کار کی مکمل حمایت کی اور اس امر کو سراہا کہ صوابی ایوان صنعت وتجارت نے سیلاب متاثرین کے لیے بہترین اقدامات کئے اس طرح نقد مالی تعاون کی بدولت وہ اپنے گھروں کی واپس تعمیر کے لیے ان عطیات کو استعمال کر سکیں گے۔

02: اجلاس میں پراجیکٹ RTDC کے حوالے سے TDAP کی درخواست پر طلب کی گئی پراگرس رپورٹ کا ڈرافٹ بھی شیئر کیا گیا۔ اس موقع پر صدر مجلس نے اب تک ہونے والے تمام activities کی تفصیلات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

اجلاس کے شرکاء نے تمام امور پر مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور یونیورسٹی آف صوابی کے ساتھ تعاون کو بھرپور سراہا۔

03: اجلاس کے شرکاء کو 23 ستمبر 2025 کو منعقد ہونے والے تین اہم اجلاسوں کے انتظامات بارے بریفنگ دی گئی۔

23 ستمبر 2025 کو صوابی ایوان صنعت وتجارت کا 8واں سالانہ اجلاس عام، اور Extraordinary اجلاس عام جبکہ سیلاب 2025 کی امدادی اور بحالی کی سرگرمیں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے نمایاں افراد اور اداروں میں پزیرائی شیلڈز تقسیم کی جائیں گئی۔

سیکرٹری جنرل نے ایوان صنعت وتجارت، تمام امور پر تفصیلی بریفنگ دی اور صدر مجلس، کمیٹی، مجلس عاملہ، ذیلی کمیٹیز اور جنرل باڈی ممبران سے تعاون کی درخواست کی۔ اس حوالے سے اخبارات کو پریس بریفنگ بھی جاری کی گئی ہے اس سال اجلاس تربیلہ شادی ہال، گلہ موڑ، تحصیل ٹوپی ضلع صوابی میں پہلے سے طے شدہ مقام میں بوجہ شدت موسم اور ممبران ادارہ بھی پرزور خواہش اور اپیل پر منعقد ہونے جا رہا ہے۔

صدر مجلس اور ارکین کمیٹی نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی اور انکی کوششوں کو سراہا۔

اجلاس کا اختتام انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوا۔ صدر مجلس نے تمام شرکاء کا بھرپور شرکت پر شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

SECRETARY GENERAL
SWABI CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

SWABI CH... ...MMERCE
AND INDUSTRY SWABI